لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ

الجزء ٦

اللہ بری بات زبان پر لانے کو پسند نہیں کرتے

اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿١٤٨﴾ اِنْ

سوائے اس کے کہ کسی پر ظلم ہو (سوائے مظلوم کے) اور اللہ سننے والے جاننے والے ہیں۔ اگر

تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ

تم نیکی کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ یا کسی برائی

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿١٤٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

کو معاف کر دو تو یقیناً اللہ بخشنے والے قدرت والے ہیں۔ بے شک جو لوگ اللہ

يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا

اور اس کے پیغمبروں (علیہم السلام) سے کفر کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے

بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ

پیغمبروں (علیہم السلام) میں فرق کرنا چاہتے ہیں اور وہ کہتے ہیں ہم بعض کو مانتے ہیں

وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ

اور بعض کا انکار کرتے ہیں اور وہ چاہتے ہیں کہ اس (کفر اور اسلام) کے درمیان

ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿١٥٠﴾ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ

کوئی راہ اختیار کریں۔ ایسے لوگ بلاشبہ کافر ہیں

وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٥١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور کافروں کے لیئے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اور جو لوگ اللہ

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ

پر ایمان رکھتے ہیں اور اس کے پیغمبروں پر اور ان میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے

أُولَٰئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ اللَّهُ

ان لوگوں کو وہ (اللہ) جلد ان کا اجر (ثواب) دیں گے اور اللہ

غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿١٥٢﴾ يَسْأَلُكَ أَهْلُ الْكِتَابِ أَن تُنَزِّلَ

بخشنے والے مہربان ہیں۔ آپ سے اہلِ کتاب سوال کرتے ہیں کہ آپ ان کے پاس ایک

عَلَيْهِمْ كِتَابًا مِّنَ السَّمَاءِ ۚ فَقَدْ سَأَلُوا مُوسَىٰ أَكْبَرَ

کتاب آسمان سے منگا دیں تو یقیناً موسیٰ (علیہ السلام) سے انہوں نے اس سے بڑا

مِن ذَٰلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللَّهَ جَهْرَةً فَأَخَذَتْهُمُ

سوال کیا تھا (اور) یوں کہا ہمیں اللہ ظاہر (آنکھوں سے) دکھا دیں پس ان کے اس گناہ کی

الصَّاعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ مِن

وجہ سے ان کو بجلی کی چمک نے آ پکڑا پھر واضح دلائل آ جانے کے بعد بچھڑے کو

بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَاتُ فَعَفَوْنَا عَن ذَٰلِكَ ۚ وَآتَيْنَا

معبود بنا لیا سو ہم نے اس پر (ان کو) معاف کر دیا اور ہم نے

مُوسَىٰ سُلْطَانًا مُّبِينًا ﴿١٥٣﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّورَ

موسیٰ (علیہ السلام) کو واضح غلبہ عطا فرمایا۔ اور ان سے وعدہ لینے کے لیئے ہم نے ان پر طُور

بِمِيثَاقِهِمْ وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

(پہاڑ) معلق کر دیا اور ہم نے ان سے کہا کہ (شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے

وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوا فِي السَّبْتِ وَأَخَذْنَا مِنْهُم

(سرنگوں) داخل ہوں اور ہم نے ان سے کہا کہ ہفتے کے دن کے بارے حد سے نہ گزرنا اور ہم

مِّيثَاقًا غَلِيظًا ﴿١٥٤﴾ فَبِمَا نَقْضِهِم مِّيثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِم

نے ان سے بہت پکے قول و قرار لیئے۔ پس بسبب ان کے قول توڑ ڈالنے کے اور اللہ کی آیات

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّقَوْلِهِمْ

کے انکار اور انبیاءؑ کے ناحق قتل کرنے کے اور ان کے یہ کہنے کے سبب کہ

قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا

ہمارے دلوں پر پردے ہیں بلکہ ان کے کفر کے سبب اللہ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی

يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿١٥٥﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ

سو یہ بہت تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔ اور ان کے کفر کی وجہ سے اور (حضرت) مریم (علیہا السلام) پر بہت

بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿١٥٦﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى

بڑا الزام لگانے کی وجہ سے (ان کو بہت بڑی سزا دی) - اور ان کے یہ کہنے کی وجہ سے کہ ہم نے مسیح عیسیٰ (علیہ السلام)

ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ

مریمؑ کے بیٹے کو جو اللہ کے پیغمبر تھے قتل کر دیا اور حالانکہ نہ انھوں نے ان کو قتل کیا اور نہ ان کو صلیب

شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ

پر چڑھایا بلکہ انھیں شبہ ڈالا گیا اور یقیناً جن لوگوں نے اس میں اختلاف کیا وہ ان کے بارے شک

مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا

میں پڑے ہوئے ہیں سوائے گمان پر چلنے کے ان کے پاس اس کا علم نہیں اور انہوں نے ان کو

قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿١٥٧﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

یقیناً قتل نہیں کیا تھا۔ بلکہ اللہ نے ان کو اپنی طرف اٹھا لیا اور اللہ

عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٥٨﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا

غالب ہیں حکمت والے۔ اور کوئی اہلِ کتاب میں سے نہیں ہو گا مگر

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ

ان (حضرت عیسیٰؑ) کے مرنے سے پہلے ان پر ضرور ایمان لائے گا اور وہ قیامت کے دن

عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ﴿١٥٩﴾ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا

ان پر گواہ ہوں گے۔ سو یہود کے (بڑے بڑے) گناہوں کی وجہ سے ہم نے ان پر جو

حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ

پاکیزہ چیزیں حلال کی تھیں حرام کردیں اور بسبب اس کے کہ یہ بہت سے لوگوں کو اللہ کی

سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿١٦٠﴾ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُهُوْا

راہ سے روکتے تھے۔ اور ان کے سُود لینے کے سبب اور حالانکہ انہیں اس سے روکا گیا تھا

عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا

اور اُن کے، لوگوں کے مال ناجائز طریقے سے کھا جانے کے سبب اور ہم نے ان میں

لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿١٦١﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ

سے جو کافر ہیں ان کے لیئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ لیکن ان میں جو لوگ

فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

علم میں پختہ ہیں اور جو مومن ہیں جو (کتاب) آپ پر نازل ہوئی

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ

اور جو آپ سے پہلے نازل ہوئیں (ان) پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز کی پابندی کرنے والے

وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ

اور زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں اور اللہ کے ساتھ اور آخرت کے دن کے ساتھ ایمان لانے والے ہیں

اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٦٢﴾ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ع ٢٨ ٢

ایسے لوگوں کو ہم عنقریب بہت بڑا اجر دیں گے۔ ہم نے آپ کی طرف

كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ

وحی بھیجی جس طرح ہم نے نوح (علیہ السلام) اور ان کے بعد کے پیغمبروں کی طرف بھیجی تھی

اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

اور وحی کی ہم نے ابراہیم (علیہ السلام) کی طرف اور اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب (علیہم السلام)

وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ

اور ان کی اولاد کی طرف اور عیسٰی اور ایوب اور یونس اور ہارون اور سلیمٰن (علیہم السلام)

وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿١٦٣﴾ وَرُسُلًا قَدْ

کی طرف اور داؤد (علیہ السلام) کو ہم نے زبور دی۔ اور ایسے پیغمبر

قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ

جن کا حال ہم نے پہلے آپ سے بیان فرمایا اور ایسے پیغمبر (بھی ہیں) جن کا حال ہم نے آپ سے بیان

عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿١٦٤﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ

نہیں فرمایا اور موسٰی (علیہ السلام) سے تو اللہ نے باتیں (بھی) کیں۔ (ان سب کو)

وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ

خوشخبری دینے والے اور (انجام بد سے) ڈرانے والے پیغمبر بنا کر بھیجا تاکہ ان پیغمبروں کے (آنے کے) بعد

بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾ لٰكِنِ

لوگوں کو اللہ پر کوئی الزام نہ رہے اور اللہ غالب ہیں حکمت والے ہیں۔ لیکن

اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ

اللہ شہادت دیتے ہیں کہ جو آپ کی طرف (کتاب کو) نازل کیا اُسے اپنے علمی کمال کے ساتھ نازل کیا

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ ﴿١٦٦﴾

اور فرشتے گواہی دیتے ہیں اور اللہ گواہ کافی ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ

یقیناً جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور اللہ کی راہ سے روکا تو بے شک وہ

ضَلُّوْا ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا

دُور کی گمراہی میں جا پڑے۔ بلا شبہ جو لوگ کافر ہوئے اور ظلم کیا (دوسروں کو بھی گمراہ کیا)

لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾ لا

اللہ ان (لوگوں) کو کبھی نہ بخشیں گے اور نہ ان کو کوئی راہ دکھائیں گے۔

اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ

سوائے جہنم کے راستے کے جس میں یہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ

اللہ پر آسان ہے۔ اے لوگو! یقیناً تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے

بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا

حق کے ساتھ پیغمبر آئے سو تم ایمان لے آؤ یہ تمہارے لیئے بہت اچھا ہے اور اگر تم کفر کرو گے

فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

تو یقیناً جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے۔ اور اللہ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ

جاننے والے حکمت والے ہیں۔ اے اہلِ کتاب! اپنے دین (کے بارے) میں حد سے نہ بڑھو

وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى

اور اللہ کے بارے میں حق کے سوا کچھ نہ کہو یقیناً مسیح عیسٰی (علیہ السلام) مریم (علیہا السلام) کے بیٹے

ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ

اللہ کے پیغمبر ہیں اور اس کا کلمہ (حکم) ہیں جو اس نے مریم (علیہا السلام) کی طرف بھیجا تھا اور اس (اللہ) کی

وَرُوْحٌ مِّنْهُ ز فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ قف وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ

طرف سے ایک روح ہیں سو اللہ اور اس کے پیغمبروں پر ایمان لاؤ اور یہ نہ کہو کہ (اللہ) تین ہیں

اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ

باز آجاؤ (یہ) تمہارے لیئے بہتر ہے سوائے اس کے نہیں کہ اللہ اکیلا عبادت کا مستحق ہے وہ اس سے

اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

پاک ہے کہ اُس کے اولاد ہو۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب

الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿١٧١﴾ لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ

اُس کا ہے۔ اور اللہ کارساز کافی ہے۔ اور مسیح (علیہ السلام) اللہ کا بندہ ہونے سے

اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ

ہرگز کوئی عار نہیں رکھتے اور نہ مقرب فرشتے

وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ

اور جو شخص اس کی بندگی سے عار کرے اور تکبر کرے تو وہ (اللہ) عنقریب ان سب کو اپنے پاس

اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿١٧٢﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

جمع کریں گا۔ پس جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیئے

فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا

تو ان کو اُن کا پورا پورا بدلہ ملے گا اور وہ (اللہ) اپنے فضل سے اُن کو زیادہ دے گا اور

الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

جن لوگوں نے عار (انکار) کیا اور تکبر کیا سو ان کو وہ (اللہ) دردناک

اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

عذاب دے گا اور وہ اپنے لیئے اللہ کے علاوہ کوئی دوست اور

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿١٧٣﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ

مددگار نہ پائیں گے۔ اے لوگو! یقیناً تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے روشن دلیل

وقف لازم ع ٢ ٢٥ ٩

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿١٧٤﴾ فَاَمَّا

آچکی اور ہم نے تمہارے پاس ایک چمکتا ہوا نُور بھیجا ہے۔ پس جو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ

لوگ اللہ کے ساتھ ایمان لائے اور اس (دین) کو مضبوطی سے تھامے رکھا تو وہ (اللہ) عنقریب

فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ فَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا

ان کو اپنی رحمت اور فضل میں داخل فرمائیں گے اور اُن کو اپنی طرف سیدھا راستہ

مُّسْتَقِيْمًا ﴿١٧٥﴾ ؕ يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي

دکھائیں گے۔ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں۔ فرما دیجئے کہ اللہ تم کو کلالہ (بغیر ماں باپ اور اولاد کے)

الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗٓ

کے بارے حکم دیتے ہیں کہ اگر ایسا بندہ مر جائے جس کے اولاد نہ ہو (نہ ماں باپ) اور اس کی

اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَآ اِنْ لَّمْ

ایک بہن ہو تو جو کچھ اس نے چھوڑا اس کا نصف اس کے لیئے ہے اور وہ شخص اس کا (اپنی بہن کا)

يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا

وارث ہو گا اگر اس کے اولاد نہ ہو (نہ ماں باپ) پس اگر دو بہنیں ہوں (یا زیادہ) تو

الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْٓا اِخْوَةً رِّجَالًا

وہ اس کے ترکہ میں سے دو تہائی لیں گی اور اگر زیادہ وارث ہوں مرد اور خواتین تو مرد

وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ

کو دو عورتوں کے برابر حصہ ملے گا اللہ تمہارے لیئے (دین کو)

اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿١٧٦﴾ ع

بیان فرماتے ہیں کہ گمراہی میں نہ پڑو اور اللہ ہر چیز کے جاننے والے ہیں۔

ع ٢٤/٢٥/٤

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ

اٰيَاتُهَا ١٢٠ رُكُوْعَاتُهَا ١٦

آیات ١٢٠ سورۂ مائدہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی رکوع ١٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم کرنے والے ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۭ اُحِلَّتْ لَكُمْ

اے ایمان والو! (اپنے) عہدوں کو پورا کرو تمہارے لیئے

بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي

چرنے والے جانور حلال کر دیئے گئے ہیں سوائے ان کے جن کا تم سے ذکر کیا گیا مگر

الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝١

احرام (حج) میں شکار کو حلال نہ جاننا بے شک اللہ جیسا چاہتے ہیں حکم دیتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَاۗىِٕرَ اللّٰهِ وَلَا

اے ایمان والو! اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ قربانی

الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَاۗىِٕدَ وَلَآ

کے جانوروں کی اور نہ اُن جانوروں کی جن کے گلے میں پٹہ دیا گیا ہو اور نہ ان لوگوں

آۗمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ

کی جو بیت الحرام کے ارادے سے جا رہے ہوں (اور) اپنے رب کے فضل اور رضامندی

وَرِضْوَانًا ۭ وَاِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ۭ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ

کے طالب ہوں اور جب تم حلال ہو جاؤ (احرام سے باہر آجاؤ) تو شکار کرو اور لوگوں

شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

کی دشمنی کہ انہوں نے تمہیں مسجد حرام سے روک دیا تھا

اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا وقف لازم

تمہارے لیئے حد سے نکل جانے کا سبب نہ بنے اور نیکی اور پرہیزگاری میں اعانت کرو

تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اور گناہ اور حد سے گزرنے میں مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرو بلاشبہ اللہ سخت

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝٢ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ الربع

عذاب دینے والے ہیں۔ حرام کیا گیا تم پر مُردار اور خون اور

وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ

خنزیر کا گوشت اور جس پر بوقت ذبح اللہ کے سوا کسی کا نام لیا گیا ہو اور جو گلا گھٹنے سے

وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ

مرا ہو اور جو ضرب لگنے سے مر جائے اور جو گر کر مر جائے اور جو ٹکر لگنے سے مر جائے اور

السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ

جسے درندہ کھا گیا ہو سوائے اس کے کہ جس کو تم ذبح کرلو اور جو پرستش گاہوں پر ذبح کیئے

وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ

جائیں اور یہ کہ قرعہ کے تیروں کے ذریعے تقسیم کرو یہ سب گناہ ہیں آج کے دن

يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

کافر تمہارے دین سے ناامید ہو گئے پس ان سے مت ڈرو

وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ

اور مجھ سے ڈرو۔ آج کے دن میں نے تمہارے لیئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر

عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ

اپنی نعمت تمام کر دی اور اسلام کو تمہارا دین پسند فرما لیا سو جو

اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ

شخص بھوک سے بے تاب ہو جائے کسی گناہ کی طرف اس کا رجحان نہ ہو تو یقیناً اللہ

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ؕ

بخشنے والے مہربان ہیں۔ آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیئے کون سی چیزیں حلال کی گئی ہیں

قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ

فرما دیجیئے کہ تمہارے لیئے پاکیزہ چیزیں حلال کی گئی ہیں اور جو تمہارے سکھلائے ہوئے شکاری جانوروں

مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا

نے پکڑا ہو تو جس طرح اللہ نے تم کو سکھایا ہے (شکار کرنا) اس طرح تم نے اُن کو سکھایا ہو۔ جس

مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠

شکار کو وہ تمہارے واسطے پکڑ رکھیں پس وہ کھاؤ اور اس پر (بوقت ذبح) اللہ کا نام لو

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿٤﴾ اَلْيَوْمَ

اور اللہ سے ڈرتے رہو یقیناً اللہ بہت جلدی حساب لینے والے ہیں۔ آج

اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

کے دن تم پر پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئیں اور اہلِ کتاب کا کھانا بھی

الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۠ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫

تم کو حلال ہے اور تمہارا کھانا ان کو حلال ہے

وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ

اور پاک دامن مومن عورتیں اور پاک دامن عورتیں

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ

ان میں سے جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی جب تم ان کو ان کے

أُجُورَهُنَّ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ وَلَا مُتَّخِذِي

مہر ادا کردو تم ان کو بیوی بناؤ صرف شہوت رانی مقصود نہ ہو اور نہ خفیہ

أَخْدَانٍ ۗ وَمَنْ يَكْفُرْ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ ۖ

آشنائی ہو اور جو شخص ایمان سے منکر ہوا تو یقیناً اس کا (سارا) عمل ضائع ہو جائے گا

وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٥﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ ع ٥

اور وہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں ہو گا۔ اے ایمان والو! جب تم

آمَنُوا إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ

نماز کا قصد کرو تو اپنے چہروں کو دھوؤ اور اپنے ہاتھوں کو

وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوا بِرُءُوسِكُمْ

کہنیوں تک دھو لیا کرو اور اپنے سروں پر ہاتھ پھیرو (مسح کرو)

وَأَرْجُلَكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ ۗ وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا

اور ٹخنوں تک اپنے پاؤں (دھولیا کرو) اور اگر تم حالتِ جنب (ناپاکی) میں ہو تو نہا لو

فَاطَّهَّرُوا ۚ وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَىٰ أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ

(خود کو پاک کر لو) اور اگر تم بیمار ہو یا حالتِ سفر میں ہو

أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ

یا تم میں سے کوئی بیت الخلاء سے ہو کر آئے یا بیویوں سے

النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا

قربت کی ہو پھر تمہیں پانی نہ مل سکے تو تم پاک مٹی سے تیمّم (کر لیا) کرو

طَيِّبًا فَامْسَحُوا بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ ۚ

اس سے اپنے چہروں پر ہاتھ پھیر لو اور اپنے ہاتھوں پر (مسح کر لو)

مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ

اللہ تم پر کوئی تنگی ڈالنا نہیں چاہتے ولیکن

يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ

وہ تمہیں پاک کرنا چاہتے ہیں اور یہ کہ تم پر اپنی نعمت پوری کریں تاکہ

تَشْكُرُوْنَ ۝٦ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ

تم شکر ادا کرو۔ اور اللہ نے جو تم پر انعام فرمایا ہے اسے یاد کرو اور اس عہد کو بھی

الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ

جس کا تم سے وعدہ لیا ہے جب تم نے کہا کہ ہم نے سن لیا اور ہم نے مان لیا

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٧

اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ دلوں کی باتوں سے واقف ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَاۗءَ

اے ایمان والو! اللہ کے لیئے انصاف کے ساتھ گواہی دینے پر

بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى

قائم رہنے والے بنو اور لوگوں کی دشمنی تمہیں انصاف چھوڑنے پر

اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ

آمادہ نہ کر دے انصاف کرو کہ یہ نیکی کے زیادہ قریب ہے

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝٨

اور اللہ سے ڈرو کہ بے شک اللہ تمہارے تمام اعمال سے باخبر ہیں۔

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے اُن سے اللہ نے وعدہ فرمایا ہے کہ

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٩﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ان کے لیئے بخشش ہے اور بہت بڑا اجر (بدلہ) ہے۔ اورجو لوگ کافر ہوئے

وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿١٠﴾

اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا یہی لوگ دوزخ کے رہنے والے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اے ایمان والو! اللہ نے تم پر جو انعام کیا اُسے یاد کرو

اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ

جب ایک جماعت نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کریں

فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى

تو (اُسی نے) تم سے ان کے ہاتھ روک دیئے اور اللہ سے ڈرو اور

اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿١١﴾ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ ع

اہلِ ایمان کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ اور اللہ نے بنی اسرائیل

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ

سے عہد لیا اور ہم نے اُن میں بارہ سردار

عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ

مقرر فرمائے اور اللہ نے فرمایا اگر تم

اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ

نماز کی پابندی کرتے رہو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو اور میرے پیغمبروں کے ساتھ ایمان لاتے رہو

وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

اور ان کی مدد کرتے رہو تو یقیناً میں تمہارے ساتھ ہوں اور اگر اللہ کو اچھے طور پر قرض دیتے رہو

ع ١٤

لَاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ

گے تو میں ضرور تمہارے سارے گناہ معاف کردوں گا اور تمہیں بہشتوں میں داخل کروں گا

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ

جن کے تابع نہریں چلتی ہیں سو اس کے بعد

ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٢﴾ فَبِمَا

جس نے تم میں سے کفر کیا تو یقیناً وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ پس ان

نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ

کے عہد توڑنے کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کی اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا

يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا

وہ لوگ کلام کو اس کے مواقع سے بدل ڈالتے ہیں اور ان کو جو نصیحت کی گئی تھی اس میں سے

مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ

ایک (بڑا) حصہ فراموش کر بیٹھے اور آپ ان میں تھوڑے لوگوں کے علاوہ ان کی خیانت

مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ

کی خبر پاتے رہتے ہیں پس اُن کو معاف کریں اور (ان سے) درگزر کریں

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ

یقیناً اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتے ہیں۔ اور جو لوگ

قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا

کہتے ہیں کہ ہم نصارٰی ہیں ہم نے ان سے بھی عہد لیا تھا سو وہ بھی جو ان کو نصیحت

حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ

کی گئی تھی اس میں سے ایک (بڑا) حصہ فراموش کر بیٹھے تو ہم نے ان میں

وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ

قیامت کے دن تک کے لیئے باہم بغض اور عداوت ڈال دی اور

اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿١٤﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

عنقریب اللہ ان کو ان کے اعمال سے آگاہ فرمائیں گے۔ اے اہلِ کتاب ! یقیناً تمہارے پاس

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ

ہمارے رسول آئے ہیں کتاب میں سے جو (باتیں) تم چھپاتے تھے ان میں سے بہت

تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ

سی باتیں تم پر کھول کر بیان فرما دیتے ہیں اور بہت سی درگزر فرماتے ہیں یقیناً

جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ يَّهْدِيْ

تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور اور روشن کتاب آچکی ہے۔ اس کے ذریعے

بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ

اللہ ایسے لوگوں کو جو اس کی رضامندی کے طالب ہوں، سلامتی کی راہیں دکھاتے ہیں

وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ

اور ان کو اپنے حکم سے تاریکیوں سے روشنی کی طرف لے آتے ہیں

وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿١٦﴾ لَقَدْ كَفَرَ

اور ان کو سیدھے راستے پر چلاتے ہیں۔ یقیناً وہ لوگ کافر ہوئے

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ

جو کہتے ہیں کہ بے شک مسیح، مریم (علیہا السلام) کے بیٹے، وہی اللہ ہیں

قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ

فرما دیجیئے کہ اگر اللہ، مسیح (علیہ السلام) مریم (علیہا السلام) کے بیٹے کو اور

اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ

ان کی ماں کو اور سب کو جو زمین میں ہیں ہلاک کرنا چاہیں تو کون ہے جو ان کو

فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اللہ سے بچا سکے اور آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کی

وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي

بادشاہی اللہ کے لیئے ہے جس کو چاہیں پیدا فرمائیں اور اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٧﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى

چیز پر قادر ہیں۔ اور یہود اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ

نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاۗؤُهٗ ۭ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ

ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں فرما دیجیئے کہ پھر وہ تمہاری بداعمالیوں پر

بِذُنُوْبِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۭ

تم کو سزا کیوں دیتے ہیں بلکہ تم بھی منجملہ مخلوقات کے (معمولی) آدمی ہو

يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلِلّٰهِ

وہ جس کو چاہیں بخش دیں اور جس کو چاہیں عذاب کریں اور جو کچھ آسمانوں

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ

اور زمین میں ہے اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب پر اللہ کی بادشاہی ہے

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿١٨﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

اور اسی کی طرف سب کو لوٹ کر جانا ہے۔ اے اہلِ کتاب ! ایک عرصہ تک پیغمبروں کا سلسلہ

جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ

منقطع رہنے کے بعد یقیناً تمہارے پاس ہمارے پیغمبر آپہنچے جو تم کو صاف صاف بتاتے ہیں

مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ

تاکہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا

وَّلَا نَذِيْرٍ ۫ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ؕ

نہیں آیا سو بلاشبہ (اَب) تمہارے پاس خوشخبری دینے والے اور ڈر سنانے والے آ گئے ہیں

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٩﴾ ع وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى ع ٧

اور اللہ ہر چیز پر قادر ہیں۔ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنی قوم

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

سے فرمایا اے میری قوم! اللہ نے جو تم پر انعام کیا (وہ) یاد کرو

اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۖ

جب اُس نے تم میں پیغمبر بنائے اور تم کو بادشاہ بنایا

وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٠﴾

اور تمہیں وہ کچھ دیا جو سارے جہانوں میں سے کسی کو نہ دیا تھا۔

يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ

اے میری قوم! پاک زمین میں داخل ہو جاؤ جسے اللہ نے تمہارے لیئے

اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا

لکھ رکھا ہے اور (مقابلے کے وقت) اپنی پیٹھ مت پھیرو کہ پھر خسارے میں

خٰسِرِيْنَ ﴿٢١﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا

پڑ جاؤ گے۔ کہنے لگے اے موسیٰ (علیہ السلام) بےشک وہاں تو بڑے زبردست

جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا

لوگ (رہتے) ہیں اور یقیناً جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں ہم وہاں ہرگز

مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿٢٢﴾

داخل نہ ہوں گے پھر اگر وہ وہاں سے نکل گئے تو ہم ضرور داخل ہو جائیں گے۔

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ

دو مردوں نے ان لوگوں میں سے جو (اللہ سے) ڈرنے والے تھے، جن پر اللہ نے انعام کیا تھا، کہا

اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا

تم دروازے تک تو چلو پس جب تم اس (دروازے) میں

دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ۬ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا

قدم رکھو گے تو یقیناً تم (اسی وقت) غالب آ جاؤ گے اور اللہ پر بھروسہ کرو

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٣﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ

اگر تم ایمان والے ہو۔ انہوں نے کہا اے موسیٰ (علیہ السلام)! جب تک

نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ

وہ وہاں رہیں گے ہم وہاں ہرگز داخل نہ ہوں گے پس آپ جائیں

وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ

آپ اور آپ کا پروردگار دونوں لڑیں ہم تو یہاں بیٹھے ہیں۔ انہوں نے التجا کی

رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ

اے میرے پروردگار! بے شک میں اپنے اور اپنے بھائی کے سوا کسی پر اختیار نہیں رکھتا

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ

پس ہمارے اور ان نافرمان لوگوں کے درمیان جدائی کر دیجئے۔ فرمایا

فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ

سو وہ (ملک) یقیناً چالیس (٤٠) برس تک ان کے ہاتھ نہ لگے گا یونہی

يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ

زمین میں سر مارتے پھریں گے سو آپ اس نافرمان قوم کے حال پر

الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ

غم نہ کھائیں۔ اور آپ ان کو آدم (علیہ السلام) کے دو بیٹوں کا قصہ صحیح طور پر

بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا

پڑھ کر سنائیے جب دونوں نے اپنی اپنی نیاز پیش کی پس ان دونوں میں سے ایک کی قبول کی گئی

وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ

اور دوسرے کی قبول نہ کی گئی (تو وہ دوسرا) کہنے لگا میں تجھ کو ضرور قتل کر دوں گا

قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٧﴾

اُس نے کہا یقیناً اللہ صرف پرہیزگاروں سے قبول فرماتے ہیں۔

لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا

اگر تُو میرے قتل کے لیئے مجھ پر دست درازی کرے گا، میں تجھے قتل کرنے

بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ

کے لیئے تجھ پر ہاتھ نہیں اٹھاؤں گا کہ یقیناً میں اللہ، جہانوں کے

اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ

پروردگار سے ڈرتا ہوں۔ بے شک میں چاہتا ہوں کہ تو میرا گناہ

بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ

اور اپنا گناہ اپنے سر لے لے پھر تو دوزخ والوں میں سے ہو جائے

وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ

اور ظالموں کی یہی جزا ہے۔ سو اس کے نفس نے اس کو اپنے بھائی کے قتل پر

وقف لازم ع ٧ ٢ النصف

قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٣٠﴾

آمادہ کیا تو اُس نے اُسے قتل کردیا پس وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو گیا۔

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ

پس اللہ نے ایک کوا بھیجا جو زمین کو کریدتا تھا تاکہ اُسے دکھائے

كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰى

کہ اپنے بھائی کی لاش کو کس طرح ڈھانک دے۔ کہنے لگا

اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ

ہائے افسوس! کیا میں اس کوے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی

سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿٣١﴾ۛ مِنْ

لاش کو ڈھانک دیتا پس وہ پشیمان ہو گیا۔ اسی

اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ

وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا کہ

مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي

جو کوئی کسی کو بغیر جان کا بدلہ لینے کے قتل کرے یا زمین پر

الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ

فساد برپا کرنے کے لیئے تو گویا اس نے تمام آدمیوں کو قتل کرڈالا اور جو

اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ

کسی کی زندگی کا سبب بنا تو گویا وہ تمام لوگوں کی زندگی کا سبب بنا اور یقیناً اُن

جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫ ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا

لوگوں کے پاس ہمارے پیغمبر روشن دلیلوں کے ساتھ آچکے پھر اُس کے بعد بھی

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم معانقہ ٥

مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿٣٢﴾

ان میں سے بہت سے دنیا میں زیادتی کرنے والے ہی رہے۔

اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

یقیناً جو اللہ سے اور اس کے پیغمبر سے لڑتے ہیں اور وہ زمین میں

وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ

فساد برپا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اُن کی سزا صرف یہی ہے کہ قتل کیئے جائیں

يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ

یا سُولی چڑھا دیئے جائیں یا مخالف سمت سے اُن کے ہاتھ اور پاؤں

خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ۭ ذٰلِكَ لَهُمْ

کاٹ دیئے جائیں یا ملک سے نکال دیئے جائیں۔ یہ دنیا میں ان

خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ

کے لیئے رسوائی ہے اور اُن کے لیئے آخرت میں بھی بہت بڑا

عَظِيْمٌ ﴿٣٣﴾ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ

عذاب ہے۔ مگر وہ لوگ کہ تمہارے پکڑ لینے سے پہلے

تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

توبہ کریں پس جان لو کہ اللہ بخشنے والے

رَّحِيْمٌ ﴿٣٤﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ ع ٩

مہربان ہیں۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس

وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ

کا قرب پانے کا سبب تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد (محنت)

لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٣٥﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ

کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ بےشک جو لوگ کافر ہیں اگر اُن کے پاس

مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا

دنیا بھر کی چیزیں ہوں اور اُن کے ساتھ اتنی چیزیں (مال و زر) اور بھی ہوں کہ قیامت

بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ

کے روز یہ بدلہ میں دے کر عذاب سے چھوٹ جائیں (تب بھی) وہ اُن سے قبول نہ کی جائیں گی

وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٣٦﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا

اور اُن کے لیئے درد دینے والا عذاب ہے۔ وہ آرزو کریں گے کہ آگ سے

مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ

نکل جائیں مگر وہ اس سے کبھی نہ نکلیں گے اور اُن کو

عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٣٧﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا

ہمیشہ کا عذاب ہو گا۔ اور چوری کرنے والا مرد اور چوری کرنے والی عورت پس دونوں

اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ

کا ہاتھ کاٹ دو ان کے کیئے کی سزا میں اللہ کی طرف سے عبرت ہے

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٣٨﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ

اور اللہ غالب ہیں حکمت والے۔ پس جو کوئی زیادتی کرنے کے بعد توبہ

ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

کرلے اور اپنی اصلاح کرلے تو یقیناً اللہ اُس کی توبہ قبول فرماتے ہیں بےشک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ

بخشنے والے مہربان ہیں۔ کیا تم کو معلوم نہیں کہ آسمانوں اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ

بادشاہت اللہ ہی کے لیئے ہے جسے چاہیں عذاب کریں اور جسے چاہیں

لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾ يٰٓاَيُّهَا

بخش دیں اور اللہ ہر چیز پہ قادر ہیں۔ اے پیغمبر!

الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ

جو لوگ کفر کی طرف جلدی کرتے ہیں وہ آپ کے لیئے پریشانی کا سبب نہ بنیں۔

مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ

اُن میں کچھ تو اپنے منہ سے کہتے ہیں ہم ایمان لائے مگر اُن کے دل ایمان

قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ ع ٣

نہیں لائے اور کچھ ان میں یہودی ہیں جو جھوٹ سنتے ہیں

سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ

اور دوسری قوم (کافروں) کے واسطے باتیں کان دھر کے سنتے ہیں جو آپ کے پاس نہیں آئے

الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ

باتوں کو اُن کے اصل مقام سے ہٹا کر تبدیل کر دیتے ہیں (اور) کہتے ہیں اگر تم سے یہ

هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ

کہا جائے تو اسے مان لینا اور اگر یہ نہ کہا جائے تو احتیاط کرنا اور جس کو

يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ

اللہ ہی گمراہ کرنا چاہیں تو آپ ہرگز اُس کے لیئے اللہ سے کوئی اختیار

شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ

نہیں رکھتے یہی لوگ ہیں کہ اللہ ان کے دلوں کو پاک

الوقف علی الاول اجزء ١٢

قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

نہیں کرنا چاہتے اُن کے لیئے دنیا میں رسوائی ہے اور اُن کے لیئے آخرت میں بہت

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٤١﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ؕ

بڑا عذاب ہے۔ یہ جھوٹ سننے والے اور بڑے حرام کھانے والے ہیں

فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ

پس اگر وہ آپ کے پاس آئیں (تو آپ چاہیں) تو ان میں فیصلہ کر دیں یا اُن کو ٹال دیں

وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ

اور اگر آپ اُن کو ٹال دیں تو وہ آپ کو ہرگز کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور اگر

حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

آپ فیصلہ کریں تو اُن میں انصاف کے ساتھ فیصلہ کریں بےشک اللہ انصاف

يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ

کرنے والوں کے ساتھ محبت کرتے ہیں۔ اور یہ آپ سے فیصلہ کیونکر چاہیں گے

التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ

اور خود اُن کے پاس تورات ہے جس میں اللہ کا حکم ہے پھر اس کے

بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٤٣﴾ اِنَّآ ع ٦

بعد یہ (اس سے) پھر جاتے ہیں اور یہ لوگ ایمان والے ہی نہیں۔ بےشک ہم

اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ

نے تورات نازل فرمائی جس میں راہنمائی ہے اور روشنی ہے پیغمبر

بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا

جو کہ (اللہ کے) فرماں بردار تھے اس کے موافق یہود کو حکم دیا کرتے تھے

وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ

اور اہل اللہ اور علماء بھی کیونکہ انھیں اس کتاب کی حفاظت کا

كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا

حکم دیا گیا تھا اور وہ اُس پر گواہ تھے پس تم لوگوں سے

النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ

مت ڈرو اور مجھ سے ڈرو اور میری آیات کو تھوڑی قیمت (مالِ دنیا) پہ مت بیچو

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور جو کوئی اللہ کے نازل کیئے ہوئے کے مطابق حکم نہ کرے تو ایسے لوگ

الْكٰفِرُوْنَ ﴿٤٤﴾ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ

ہی کافر ہیں۔ اور ہم نے اُن کے لیئے اس (تورات) میں یہ لکھ دیا تھا کہ جان کے

بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ

بدلے جان اور آنکھ کے بدلے آنکھ اور ناک کے بدلے ناک

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ

اور کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور زخموں کا بھی

قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ

بدلہ ہے۔ پس جو کوئی اسے معاف کر دے وہ اُس کے لیئے کفارہ ہو جائے گا

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

اور جو کوئی اللہ کے نازل کیئے ہوئے (احکام) کے مطابق حکم نہ کرے پس ایسے لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى

ہی ظالم ہیں۔ اور ان (پیغمبروں) کے بعد ہم نے عیسیٰ (علیہ السلام) بیٹے مریم (علیہا السلام) کو انہی کے

ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ

نقشِ قدم پر بھیجا جو اپنے سے پہلے آنے والی کتاب تورات کی تصدیق

التَّوْرٰىةِ ۖ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ

کرنے والے تھے اور ہم نے اُن کو انجیل دی جس میں راہنمائی تھی اور روشنی (نور)

وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ

اور تصدیق کرنے والی تھی اپنے سے پہلی تورات کی

وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ

اور ہدایت اور نصیحت تھی پرہیزگاروں کے لیئے۔ اور اہلِ انجیل کو چاہیئے کہ

الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ۭ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ

جو کچھ اس میں اللہ نے نازل فرمایا اُس کے مطابق حکم کریں اور جو اللہ کے

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٤٧﴾

نازل کردہ (احکام) کے مطابق حکم نہ کرے تو ایسے ہی لوگ نافرمان ہیں۔

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا

اور ہم نے آپ پر حق کے ساتھ کتاب نازل فرمائی جو اپنے سے پہلی

بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ

کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اُن کی محافظ ہے سو جو اللہ نے

بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ

نازل فرمایا اُس کے مطابق اُن میں حکم کیجیئے اور آپ کے پاس حق آ جانے کے بعد

عَمَّا جَاۗءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۭ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ

ان کی خواہشات کو مت مانیئے (اور) تم میں سے ہر ایک کے لیئے ہم نے

شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ

دستور اور ایک طریقہ مقرر فرمایا ہے اور اگر اللہ چاہتے تو تم سب کو ایک ہی

اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ

امت کر دیتے لیکن (ایسا نہیں کیا) اُس نے جو احکام تم کو دیئے اُس میں تمہیں آزمانا چاہتے ہیں

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا

سو نیکی میں جلدی کرو تم سب کو اللہ کے پاس لوٹ کر جانا

فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاَنِ

ہے پھر وہ تم کو جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے، (ان کے بارے) بتائیں گے اور

احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ

یہ کہ آپ اُن کے درمیان اللہ کے نازل کردہ (احکام) کے مطابق فیصلہ کریں اور ان

اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ

کی خواہشات کو مت مانیں اور ان سے بچیں کہ آپ پر اللہ کے نازل کردہ احکام میں

مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا

سے بعض سے آپ کو بہکا نہ دیں پس اگر یہ پھر جائیں (نہ مانیں) تو جان لیں کہ اللہ

يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ

ان کے بعض گناہوں کے بدلے اُن کو مصیبت میں ڈالنا چاہتے ہیں اور

كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿٤٩﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ

یقیناً اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ کیا یہ جاہلیت کا حکم چاہتے ہیں

يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ

اور جو لوگ یقین رکھتے ہیں ان کے لیئے اللہ سے بڑھ کر کس کا حکم اچھا

يُّوْقِنُوْنَ ﴿٥٠﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا

(ہو سکتا) ہے۔ اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو

الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ

دوست نہ بناؤ وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا

اور تم میں سے جو ان سے دوستی کرے گا تو بے شک وہ انہی میں سے ہو گا یقیناً اللہ

يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٥١﴾ فَتَرَى الَّذِيْنَ فِىْ

غلط کاروں کو ہدایت نہیں دیتے۔ جن لوگوں کے دلوں میں

قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى

(نفاق کا) مرض ہے پس تم دیکھو گے کہ ان میں دوڑ دوڑ کر ملے جاتے ہیں کہتے ہیں کہ ہم کو ڈر ہے

اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ

کہ ہم پر کوئی گردش نہ پڑ جائے سو عنقریب اللہ فتح کا ظہور فرما دیں گے

اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِىْٓ

یا اپنے ہاں سے کوئی اور خاص بات، پھر اپنے پوشیدہ دلی

اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿٥٢﴾ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ

خیالات پر نادم ہوں گے۔ اور اس وقت مسلمان کہیں گے کہ کیا یہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ

جو اللہ کی قسمیں بڑے مبالغہ سے کھاتے تھے کہ یقیناً ہم تمہارے

لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿٥٣﴾

ساتھ ہیں۔ ان کے اعمال اکارت گئے پس یہ خسارے میں پڑ گئے۔

وقف لازم ١١ ع ٧
وقف منزل
علی ایھم
وقف غفران
التاسع

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ

اے ایمان والو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائے تو عنقریب

فَسَوْفَ يَاْتِى اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ

اللہ ایسے لوگ پیدا کر دیں گے جن سے وہ محبت کریں گے اور وہ اس سے محبت کرتے ہوں گے

اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ

مسلمانوں پر نرمی کرنے والے (اور) کافروں پر سختی کرنے والے

يُجَاهِدُوْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ

اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ

لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ

ڈرنے والے۔ یہ اللہ کا فضل ہے جس کو چاہیں عطا فرما دیں اور اللہ کشائش والے

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٥٤﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ

جاننے والے ہیں۔ یقیناً تمہارے دوست اللہ اور اس کے پیغمبر ہیں اور ایمان

اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

والے لوگ جو نماز کو قائم رکھتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں

وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَمَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اور وہ رکوع کرنے والے ہیں۔ اور جو کوئی اللہ کو دوست رکھے اور اس کے پیغمبر کو

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٥٦﴾ ع ١٢

اور ایمان والوں کو تو یقیناً اللہ کا گروہ ہی غالب ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا

اے ایمان والو! ان لوگوں سے دوستی نہ کرو جو تمہارے دین کا مذاق اُڑاتے ہیں

دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اور کھیل سمجھتے ہیں ان میں سے جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی

مِنْ قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ

اور کافروں میں سے اور اگر تم ایمان رکھتے ہو تو

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٥٧﴾ وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ

اللہ سے ڈرو۔ اور جب تم نماز کے لیئے پکارتے ہو

اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّ لَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ

تو اس کا مذاق اور تماشا بناتے ہیں یہ اس لیئے کہ یہ

لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿٥٨﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ

بے عقل لوگ ہیں۔ آپ فرما دیجیئے اے اہلِ کتاب! تم ہم میں

تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ

کون سی برائی دیکھتے ہو بس یہ کہ ہم اللہ کے ساتھ ایمان لائے اور جو ہم پر

اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ

نازل ہوا (اس پر) اور جو ہم سے پہلے نازل ہوا (اس پر) اور یہ کہ تم میں اکثر

فٰسِقُوْنَ ﴿٥٩﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ

لوگ بدکردار ہیں۔ فرما دیجیئے کہ (اے اہلِ کتاب!) کیا میں تم کو بتادوں (کہ) اللہ کے ہاں اس سے بھی

مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَ غَضِبَ

بدتر سزا پانے والے (کون ہیں)؟ وہ کہ جن پر اللہ نے لعنت کی ہو اور ان پر

عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَ الْخَنَازِيْرَ

غضب کیا ہو اور ان میں سے بعضوں کو بندر اور سؤر بنا دیا ہو

وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ

اور انہوں نے شیطان کی بندگی کی، ایسے لوگوں کا بُرا ٹھکانہ ہے اور وہ سیدھی

عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٦٠﴾ وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا

راہ سے بہت بھٹکے ہوئے ہیں۔ اور جب آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں

اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا

ہم ایمان لائے حالانکہ کفر لے کر آئے تھے اور وہ اسی کو لے کر چلے گئے

بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿٦١﴾

اور جو بات یہ چھپاتے ہیں اللہ اُسے خوب جانتے ہیں۔

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ

اور آپ اُن میں سے اکثر کو دیکھتے ہیں کہ گناہ کے کام میں جلدی کرتے ہیں

وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا

اور حد سے گزرنے میں اور حرام کھانے میں۔ البتہ یہ جو کچھ کرتے ہیں

يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ

بُرا کرتے ہیں۔ بھلا اُن کے اہل اللہ اور علماء انہیں گناہ کی باتوں

عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ

اور حرام کھانے سے منع کیوں نہیں کرتے؟ البتہ

مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ

وہ بھی برا کرتے ہیں۔ اور یہود نے کہا اللہ کے ہاتھ

اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا

بند ہیں، انہی کے ہاتھ بند ہیں اور یہ بات کہنے سے

وقف لازم

قَالُوْا بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ

اُن پر لعنت کی گئی بلکہ اس (اللہ) کے دونوں ہاتھ کشادہ ہیں جس طرح چاہیں

يَشَآءُ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ

خرچ کرتے ہیں اور جو (مضمون) آپ کی طرف آپ کے پروردگار نے بھیجا ہے

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۭ وَاَلْقَيْنَا

ان میں سے اکثر کے لیئے سرکشی اور کفر میں زیادتی کا سبب بن جاتا ہے اور ہم نے ان کے

بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ

درمیان قیامت کے دن تک کے لیئے دشمنی اور بُغض ڈال دیا

كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ

جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اس کو اللہ بجھا دیتے ہیں

وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

اور ملک میں فساد کرتے پھرتے ہیں اور اللہ فساد کرنے والوں کو

الْمُفْسِدِيْنَ ۝٦٤ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا

پسند نہیں فرماتے۔ اور اگر اہلِ کتاب ایمان لاتے اور پرہیزگاری اختیار کرتے

لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ

تو ہم اُن کی بُرائیاں معاف فرما دیتے اور اُن کو نعمت کے باغوں میں

النَّعِيْمِ ۝٦٥ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ

داخل کرتے۔ اور اگر وہ تورات اور انجیل اور جو (کتابیں) اُن پر ان کے پروردگار

وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ

کی طرف سے نازل کیا گیا اُس کو قائم رکھتے تو اپنے اوپر سے

فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ

بھی اور پاؤں کے نیچے سے بھی خوب کھاتے ، ان میں کچھ لوگ

مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع

تو میانہ رو ہیں اور اُن میں بہت سے ایسے ہیں جن کے اعمال بُرے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ

اے پیغمبر! جو کچھ آپ پر آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے پہنچا دیجئے

وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ

اور اگر ایسا نہ کیا تو آپ پیغمبری کا پیغام پہنچانے سے قاصر رہے۔ اور اللہ

يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ

آپ کو لوگوں سے بچائیں گے یقیناً اللہ کفر کرنے والوں کو

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٧﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ

ہدایت نہیں فرماتے۔ فرما دیجئے اے اہلِ کتاب! جب تک تم تورات اور انجیل

حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ

اور جو کچھ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا اُس کو قائم نہیں رکھتے تم

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ

کسی بھی چیز (یعنی راہِ راست) پر نہیں اور جو آپ پر آپ کے پروردگار کی طرف سے

مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ

نازل کیا گیا ہے ان میں سے بہتوں کے لیئے سرکشی اور کفر میں زیادتی کا سبب بن جاتا ہے سو آپ

فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٦٨﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

ان کافروں کا غم نہ کیا کیجئے۔ بے شک جو لوگ ایمان

اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى

لائے اور جو یہودی ہوئے اورجو بے دین ہوئے اور جو نصرانی ہوئے (ان میں سے)

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا

جو کوئی بھی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور نیک کام کرے پس ایسے لوگوں

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٩﴾ لَقَدْ

کو نہ کوئی ڈر ہوگا اور نہ وہ افسوس کریں گے۔ بے شک ہم نے

اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ

بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان کے پاس (بہت سے) پیغمبر

رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى

بھیجے جب ان کے پاس کوئی پیغمبر وہ حکم لایا جو ان کو

اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿٧٠﴾

پسند نہ تھا تو وہ (انبیاءؑ کے) ایک طبقے کو تو جھوٹا کہتے اور ایک طبقے کو قتل کر دیتے تھے۔

وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ

اور سمجھتے تھے کہ اُن پر کوئی آفت نہ آئے گی پس وہ اندھے اور بہرے ہو گئے پھر

تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ

اللہ نے اُن پر مہربانی فرمائی پھر ان میں سے بہت سے اندھے اور

مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿٧١﴾ لَقَدْ كَفَرَ

بہرے ہو گئے اور اللہ اُن کے اعمال کو دیکھ رہے ہیں۔ وہ لوگ یقیناً

الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ

کافر ہوئے جنہوں نے کہا مسیح (علیہ السلام) ابنِ مریم (علیہا السلام) ہی اللہ ہیں

وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ

اور مسیح (علیہ السلام) نے فرمایا اے بنی اسرائیل! اللہ کی عبادت کرو جو میرا پروردگار ہے

وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ

اور تمہارا (بھی) پروردگار ہے یقیناً جو اللہ سے شرک کرے گا توضرور اللہ اس پر بہشت

عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ

حرام کر دیں گے اور اُس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور غلط کاروں کا کوئی

مِنْ اَنْصَارٍ ۝٧٢ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ

مددگار نہیں۔ یقیناً وہ لوگ کافر ہوگئے جنہوں نے کہا کہ

ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وقف لازم

اللہ تین میں کا تیسرا ہے حالانکہ اس معبود یکتا کے سوا کوئی معبود نہیں

وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ

اور جو وہ کہتے ہیں اس (عقائدواعمال) سے باز نہ آئے تو بےشک اُن میں

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝٧٣ اَفَلَا

جو کافر ہوئے ہیں وہ دردناک عذاب پائیں گے۔ کیا یہ اللہ کے آگے

يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

توبہ نہیں کرتے اور اس سے بخشش نہیں مانگتے اوراللہ بخشنے والے

رَّحِيْمٌ ۝٧٤ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ

مہربان ہیں۔ مسیح (علیہ السلام) بیٹے مریم (علیہا السلام) صرف (اللہ کے) پیغمبر ہیں

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۭ

اُن سے پہلے بہت سے پیغمبر گزرے اور ان کی والدہ صدیقہ (ولیہ) تھیں

كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ

دونوں کھانا کھایا کرتے تھے دیکھ لیجیئے ہم اُن کے لیئے کیسے

الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٧٥﴾ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ

دلائل بیان کرتے ہیں پھر دیکھیئے وہ کدھر اُلٹے جارہے ہیں۔ فرما دیجیئے کہ کیا تم اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا

ایسی چیزوں کی پرستش کرتے ہو جن کے پاس تمہارے نفع ونقصان کا اختیار

نَفْعًا ؕ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٧٦﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ

نہیں اور اللہ ہی سننے والے جاننے والے ہیں۔ فرما دیجیئے اے

الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا

اہلِ کتاب! اپنے دین میں ناحق زیادتی مت کرو اور اُن

تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ

لوگوں کی خواہشات کے پیچھے نہ چلو جو پہلے خود گمراہ ہوئے اور

وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ ع

پھر بہت سوں کو گمراہ کیا اور سیدھے راستے سے بھٹک گئے۔

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى

جو لوگ بنی اسرائیل میں کافر ہوئے ان کو

لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا

داؤد (علیہ السلام) اور عیسیٰ بیٹے مریم (علیہما السلام) کی زبان سے لعنت کی گئی یہ اس لیئے کہ نافرمانی کرتے

وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٧٨﴾ كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ

اور حد سے نکل جاتے تھے۔ جو بُرے کام وہ کرتے تھے ان سے ایک دوسرے کو

ع ١٤ = ١٠

مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٩﴾ تَرٰى

روکتے نہیں تھے بلاشبہ وہ بُرا کرتے تھے۔ اُن

كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ

میں سے اکثر کو دیکھو گے کہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں بُرا ہے جو کچھ انہوں نے

مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ

اپنے لیئے آگے بھیجا ہے کہ اللہ اُن

عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ وَلَوْ كَانُوْا

پر ناخوش ہوئے اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔ اور اگر وہ اللہ پر

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ

اور پیغمبر پر اور جو (کتاب) ان پر نازل کی گئی اس پر یقین رکھتے تو اُن لوگوں کو

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿٨١﴾ لَتَجِدَنَّ

دوست نہ بناتے اور لیکن ان میں سے اکثر بدکردار ہیں۔ البتہ آپ

اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ

ضرور ایمان والوں کے ساتھ لوگوں میں سب سے زیادہ دشمنی کرنے والا یہودیوں

وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ

کو اور مشرکوں کو پائیں گے اور دوستی کے لحاظ سے مسلمانوں کے قریب ان لوگوں کو

اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ

پائیں گے جو کہتے ہیں ہم نصاریٰ ہیں یہ اس لیئے کہ اُن

قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٨٢﴾

میں عالم بھی ہیں اور اہل اللہ بھی اور یہ کہ وہ تکبر نہیں کرتے۔